Fourth India-Japan Cyber Dialogue

June 30, 2022

چوتھا ہندوستان- جاپان سائبر ڈائیلاگ

30 جون، 2022

چوتھے ہندوستان- جاپان سائبر ڈائیلاگ کی میزبانی ہندوستان نے ورچوئل طور پر 30 جون 2022 کو کی۔ ہندوستانی وفد کی قیادت وزارت خارجہ میں سائبر ڈپلومیسی ڈویژن میں جوائنٹ سکریٹری محترمہ موان پوئی سائیوی نے کی، جبکہ جاپانی وفد کی قیادت وزارت خارجہ میں سائبر پالیسی کے انچارج سفیر جناب یوتکا اریما نے کی۔

2۔ ہندوستانی وفد میں وزارت خارجہ، وزارت داخلہ، وزارت دفاع، قومی سلامتی کونسل سیکریٹریٹ، الیکٹرانکس اور انفارمیشن ٹیکنالوجی کی وزارت، ٹیلی کمیونیکیشن کا محکمہ، ہندوستانی کمپیوٹر ایمرجنسی رسپانس ٹیم اور نیشنل کریٹیکل انفارمیشن انفراسٹرکچر تحفظ مرکز کے سینئر حکام شامل تھے۔ جاپانی وفد میں نیشنل سینٹر آف انسیڈنٹ ریڈی نیس اینڈ اسٹریٹیجی فار سائبر سیکیورٹی، وزارت داخلہ اور مواصلات، وزارت دفاع، وزارت اقتصادیات، تجارت و صنعت اور وزارت خارجہ کے سینئر حکام شامل تھے۔

3۔ دونوں فریقین نے دو طرفہ سائبر تعاون کے اہم شعبوں پر تبادلہ خیال کیا اور سائبر سیکیورٹی اور 5 جی ٹیکنالوجی سمیت انفارمیشن اینڈ کمیونیکیشن ٹیکنالوجیز کے شعبوں میں حاصل ہونے والی پیش رفت کا جائزہ لیا۔ دونوں اطراف نے سائبر ڈومین میں تازہ ترین پیش رفت اور اقوام متحدہ اور دیگر کثیر الجہتی اور علاقائی فورمز پر سائبر مشاورت کے دوران باہمی تعاون پر تبادلہ خیال کیا۔

4۔ دونوں فریقین باہمی سہولت کے مطابق اگلا ہند- جاپان سائبر ڈائیلاگ 2023 میں منعقد کرنے پر متفق ہوئے۔

نئی دہلی

30 جون، 2022

DISCLAIMER: This is an approximate translation. The original is available in English on MEA's website and may be referred to as the official press release.